بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی

اسلام آباد (پاکستان)

تار کا پتہ : اسلامسرچ

پتہ : سیوک سنٹر رسنا - ٦

پوسٹ بکس نمبر ١٠٣٥

حوالہ نمبر ________

تاریخ 1981/11/18ء

مخدومی زادت عنایتکم

بعد سلام مسنون

7/ نومبر کا کرم نامہ ملا ۔ ممنون ہوں کہ آپ نے دشواری کے باوجود دست خاص کی تحریر سے نوازا ۔ اس طرح آپ کو زحمت دینا اچھا نہیں معلوم ہوتا ۔ لیکن اسکے بغیر چارہ بھی نہیں ۔ معذرت اور معافی کا خواستگار ہوں ۔

آپ کے خط سے تقویت ہوئی اور ارادے کو اشتعالک ملی ۔ آپ حضرات کی طرف سے حوصلہ افزائی ہوتی رہی تو اب انشاء اللہ میں جلد اس منصوبے کو مکمل کر ڈالوں گا ۔ فکرونظر کے جھمیلے سے میں نے گلوخلاصی کرالی ہے ۔ خدا کرے حالات سازگار رہیں اور میں یکسوئی اور کلی فراغت کے ساتھ اس کام کی طرف توجہ دے سکوں ۔

ڈاکٹر سعید حسن عابدی کی ایک عربی تحریر مولانا فراہی سے متعلق ادارے کے عربی رسالہ الدراسات الاسلامیہ میں ابھی شائع ہوئی ہے یہ تحریر مجھے خالد مسعود صاحب نے دی تھی اور میں نے رسالے کے ایڈیٹر کو سونپ دی ۔ رسالے کی ایک کاپی آپ کی خدمت میں ارسال کروادی ہے ۔

امید کہ آپ خیریت سے ہوں گے ۔

والسلام

(شرف الدین اصلاحی)

ریڈر

مولانا امین احسن اصلاحی

فاران فاؤنڈیشن ،

122 فیروز پور روڈ ،

اچھرہ ۔ لاہور نمبر 16

18/11/81